discipleship essentials

سبق کے اہم اجزاء

خاندانی زندگی

سبق -6 علیحدگی ۔طلاق ۔دو بارہ شادی

یہ یاد کرتے ہوئے کہ شادی خداوند یسوع کی اپنی کلیسیا سے توّقف کی تصویر ہے ۔شادی کے بندھن کی گہرائی اور انوکھا پن سمجھنے میں یہ بات ہماری مدد کریگی اور ہماری شادی میں خدا سے کئے ہوئے وعدوں پر قائم رہنے کی جنگ میں ہماری مدد کریگی۔

موجودہ زمانے میں شادی کو اتنی اہمیت نہیں دی جاتی ۔شادی میں کئے وعدے معمولی سمجھے جاتے ہیں جنہیں عارضی جذبات پر مبنی جانا جاتا ہے ۔لیکن مسیحی شادی میں بائبل مقدس اُس سے بہتر توقعات رکھتی ہے اسلئے ہمیں اپنی مرضی سے اسکے اعلیٰ مقصد کے لئے کام کرنا چاہیے۔

آپ کو یاد ہے جب آپ محبت کرنے لگتے ہیں یا آپ کسی سے پہلی مرتبہ محبت کرنے لگتے ہیں؟ نئی شادی شدہ زندگی کی خوشی میں شاید یہ آپ کے ذہن میں بھی نہ آئے کہ آپ کو زندگی کے ساتھی سے محبت کرنے کیلئے کوشش کرنی پڑے گی۔ پھر بھی دو گنہگاروں کے درمیان، رشتے کے دوران جو غیر کامل ہیں۔ ہمیں توقع رکھنی چاہیے کہ شاید کسی دن انہیں حقیقتاً ایک دوسرے سے محبت کا اظہار کرنا دوسروں سے زیادہ مشکل لگے۔

شادی کے متعلق دنیا کا نظریہ یہ ہے کہ آپ اس وقت تک ازدواجی رشتے میں رہیں جب تک آپ ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں۔ یعنی جتنی دیر آپ آسانی سے اکٹھے رہ سکتے ہیں۔ یا ثقافتی اعتبار سے ساتھ نبھا سکتے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ خداوند نے ہمیں اس رشتے کے جذباتی پہلو سے لطف اٹھانے کی اہلیت دی ہے اور یہ احساسِ محبت ایک اعلیٰ نعمت ہے۔ تاہم۔ اگر ہماری شادی کی قسمیں یا ہماری عہود دی وعدے صرف ہمارے جذبات پر مبنی ہیں تو ہمارا عہد بہت ہی کمزور ہوگا جو آسانی سے ٹوٹ سکتا ہے۔

علیحدگی۔ طلاق اور دوبارہ شادی کرنا کچھ یوں ہوسکتا ہے۔ ۔ میرا اپنے خاوند سے علیحدہ ہونا درست ہے اسلئے کہ وہ مجھے سمجھ نہیں سکا؟ طلاق دینا کب درست ہے؟ ایک طلاق شدہ ہونے کی صورت میں کیا میں دوبارہ شادی کرسکتا ہوں؟ ایک مسیحی ہوتے ہوئے ایک بہتر سوال پوچھا جاسکتا ہے۔ ''میں کیسے زندگی گزاروں کہ طلاق کی ضرورت ہی نہ پڑے؟ یا مجھے کیسا ذہن بنانا چاہیے کہ میں مشکل حالات میں بھی اپنے شادی کے عہد کے وعدوں کو قائم رکھ سکوں؟۔

یوحنا 15 : 13 میں ہمارے لئے یہ فرمان ہے ''اس سے زیادہ محبت کوئی شخص نہیں کرتا کہ اپنی جان اپنے دوستوں کیلئے دے۔'' شاید آپ کو اپنے زندگی کے ساتھی کی حفاظت کیلئے کبھی بھی مرنا نہ پڑے۔ لیکن آپ کو کئی ایسے موقعے ملیں گے کہ آپ اپنی ازدواجی زندگی میں محبت کی قربانی دیں۔ بالکل ایسے جیسے مسیح نے اپنی دلہن (کلیسیا) کیلئے دی۔ شومئے قسمت جب مردوں اور عورتوں کو اپنی ازدواجی زندگی میں اپنے زندگی کے ساتھی کیلئے اپنی جان دینی پڑتی ہے وہ اس سے انکار کردیتے ہیں اور محبت کی قربانی کے سخت کام کی بجائے طلاق یا علیحدگی کا فیصلہ کرتے ہیں۔ جس کا مطلب یہ ہوا کہ وہ دوسروں کی ضرورت پر اپنی ضرورت کو فوقیت دیتے ہیں۔

محبت کی قربانی کیسی نظر آتی ہے؟ یہ معمولی بات ہوتی ہے کہ کہ ہم اپنی غلطی کا خود اعتراف کریں۔ اور خاموش رہیں۔ معاف کرنے پر آمادہ ہوں اور بھول جائیں۔ یا شکست قبول کرلیں۔ یہ بات بڑی بھی ہوسکتی ہے جیسے شادی شدہ زندگی میں غیروں میں جنسی تسکین ڈھونڈنا اور اپنے زندگی کے ساتھی کے علاوہ کسی سے جذباتی روابط قائم کرنا یا غصے اور تلخی کی وجہ سے اپنے زندگی کے ساتھی سے دور ہوجانا۔

جب ہم اس بات کو یاد رکھتے ہیں کہ ازدواجی زندگی اس پاکیزہ بندھن کی عکاسی کرتی ہے جو خداوند مسیح اور اسکی کلیسیا کے درمیان ہے تب طلاق اور علیحدگی کا خیال قابل قبول نہ ہوگا۔ مہربانی کرکے اس بات کو غور سے سنئیے۔ بائبل مقدس میں طلاق اور علیحدگی کی چند وجوہات ہیں۔ لیکن یہ وہ نہیں ہیں جنہیں ہم یہاں دیکھ رہے ہیں۔ لیکن جس رجحان کی بات ہم کررہے ہیں وہ موجودہ ثقافتی رُخ ہے جو شادی کے سخت حالات

مسیحیوں کو ایک بہتر سوال پوچھنا چاہیے ''میں کیسے زندگی گذاروں کہ مجھے طلاق دینی نہ پڑے۔'' میں کیسا ذہن رکھوں کہ میں مشکل ترین حالات میں بھی اپنی ازدواجی زندگی قائم رکھ سکوں۔

اس سے زیادہ کوئی محبت نہیں کرتا کہ وہ اپنی جان اپنے دوستوں کیلئے دے۔ ۔'' (یوحنا 15 : 13

سے چھوٹنے کا آسان طریقہ ہے یعنی طلاق پانے کا۔ یہ وہ طریقہ نہیں جس کو خداوند یسوع کلیسیا کے ساتھ چاہتے ہیں۔

کلام مقدس اتنا واضح ہے کہ وہ نہ تو ہمیں چھوڑتا ہے اور نہ ہی دستبردار ہوتا ہے حالانکہ ہم سخت دل ہوتے ہیں۔ اگرچہ ہم اتنی خواہشمند بھی نہیں ہوتے تب بھی وہ ہمیں چُنتا ہے۔ وہ ہم سے ابدی محبت رکھتا ہے حالانکہ ہم بے وفا رہے ہیں۔ جب ہم خود کو خداوند مسیح کی بے وفا دلہن کی حیثیت سے دیکھتے ہیں تو وہ ہمیں زیادہ فضل سے معافی دیتا ہے تاکہ جب وہ (یعنی ہماری زندگی کے ساتھی) ہمیں زیادہ مایوس کریں تو ہم اُن سے زیادہ پیار کریں۔

وہ جنہیں اپنے زندگی کے ساتھی سے شادی کرنے کیلئے مجبور کیا گیا ہو جسے انہوں نے خود نہ چنا ہو یا وہ جنہوں نے اپنے ساتھی کیلئے اپنے پہلے احساسات کھو دیئے ہوں جسے انہوں نے خود چنا ہو۔ تو یاد رکھئے قربانی بھری محبت اور اپنے زندگی کے ساتھی سے وفاداری خاص کر جب احساسات اور جذبات نہ ہوں سے محبت کرنا ، شادی پر زبردست اثر ڈالے گی۔ دوسروں پر مستقل پیار نچھاور کرنا جبکہ وہ اسکا حقدار بھی نہ ہو وہ سخت دل کو بدلنے کیلئے زبردست اثر کریگا۔ آپ اپنی شادی کی ماہیت بدل دیں گے جب آپ نہ چاہنے کے باوجود اسکے ساتھ رہنے کا فیصلہ کریں گے۔ اس کے برعکس جب چیزیں مشکل ہوں اور آپ ازدواجی زندگی کو خیرباد کہہ دیں تو آپ دشمن کو فتح کا موقع دیں گے۔

دوسرے پر مستقل پیار کا لگاتار نچھاور کرتے دیکھنا جبکہ وہ اسکا حقدار بھی نہ ہو۔ وہ کسی سخت دل کو بھی بدلنے کا اثر رکھتا ہے۔

کسی غیر کامل شخص کے ساتھ عہد اور وعدوں کے سہارے رہنا آسان نہیں ہوتا۔ کسی کی اچھائی کا انتخاب اپنی اچھائی سے زیادہ کرنا اتنا آسان نہیں ہوتا لیکن بالکل ویسے ہی جیسے خداوند مسیح نے اپنی خوشی سے زیادہ اپنی صلیب کو برداشت کیا۔ پس ہم بھی اپنی شادی میں مشکل حالات برداشت کرسکتے ہیں جب ہمیں خداوند کی فرمانبرداری کی خوشی کیلئے کرنا ہوں۔ اُس ابدی اجر کیلئے جو وہ ہماری شادی کے عہد کی وفاداری کیلئے دے گا۔

آپ میں سے جو موجودہ وقت خوش خوش ازدواجی رشتے میں منسلک ہیں اور جنہیں کوئی مشکل پیش نہیں آئی اس لئے اُن کیلئے طلاق اور علیحدگی کا خیال بھی ناواجب اور ناپسندیدہ ہوگا۔ اگر ایسا ہے تو خداوند کی تعریف ہو۔ لیکن ہوشیار رہیں اسلئے کہ محبت اور یہ بندھن کئی دفعہ ایسے نہیں رہتے۔ اپنی ازدواجی زندگی میں قربانی کی محبت اور پیار بنائے رکھیں اور امید کریں کہ آپ کی ازدواجی زندگی میں کسی قسم کی مشکل نہ آئے۔

آپ میں سے جو ایسے ماحول میں رہتے ہیں جہاں شادی کو اتنی اہمیت نہیں دی جاتی اور طلاق دینا معمولی بات ہوتی ہے تو اپنی شای کا دفاع کیجئے اور اسکی عمدہ تصویر پیش کیجئے۔ اگر آپ طلاق کے متعلق سوچ رہے ہیں تو ایک بات جانئیے کہ خدا طلاق جیسی بے وفائی اور دُکھ سے دل برداشتہ ہوتا ہے۔ اور اسے طلاق سے نفرت ہے۔ بائبل مقدس میں طلاق کی اجازت ہے جب کوئی غیر ایمان، ایماندار کے ساتھ نہیں رہنا چاہتا یا چاہتی۔ اور جہاں تکفیر ہو اور صلح اور معافی ناممکن ہو جائے۔ آپ مسیحی مشیروں ۔ پاسبانوں اور ایلڈرز سے مشورہ کریں اور اپنے دُکھ کو خدا کے سامنے لائیں۔ وہی ہمیں شفا دے سکتا ہے اور ہماری شدید ضرورتوں کو پورا کرسکتا ہے۔

سب سے بڑھ کر اپنی شادی کیلئے خدا کی مرضی اور برکت چاہیں۔دعا کریں کہ وہ آپ کو اور آپ کے ساتھی کو خداوند یسوع کی مانند بنائے تاکہ اس میں یگانگت رہے۔ایک طویل اور خوشگوار ازدواجی زندگی ایسی نعمت ہے جس کے لئے جدوجہد کرنی ہوگی اس لئے ہمت نہ ہاریں۔ازسرِنو ایک دوسرے کو ہر روز تازہ دم کریں اور محبت سے زندگی بسر کریں۔

اعادہ:

- شادی کی صورت یاد رکھئے۔خداوند مسیح اور اسکی کلیسیا (دلہن)۔یہ بات ہمیں سنجیدگی سے اپنے عہد (وعدوں) کی قسموں کو قائم رکھنے میں مدد دیگی۔

- یاد رکھئے کہ ہم کئی مرتبہ خداوند مسیح کی بے وفا دلہن کی طرح ہوتے ہیں جو اپنے فضل سے ہم سے پیش آتا ہے۔اسی طرح ہمیں بھی اپنے زندگی کے ساتھی سے پُرفضل سلوک کرنا چاہیے۔

- قربانی دینے والی محبت بڑی مشکل ہوتی ہے لیکن ہماری شادی کی مشکلات میں بڑی پُراثر ثابت ہوتی ہے۔

- وہ جو آج اپنی ازدواجی زندگی میں خوش ہیں انہیں اسی صحتمند یگانگت کو جاری رکھنا چاہیے تاکہ دشمن (شیطان) اس ازدواجی زندگی کو نقصان پہنچانے کیلئے کوئی موقع نہ پاسکے۔

آپ اپنی کہیے۔

o آپ اپنی شادی کیلئے جونہایت اہم کام کرسکتے ہیں یہ ہے کہ خداوند سے اپنا قریبی تعلق رکھیں۔ آپ خدا کے ساتھ اپنے تعلق کو بڑھانے میں کیا کرسکتے ہیں؟۔دعا کریں کہ خدا آپ کو روح القدس کے تابع رکھے تاکہ آپ اپنے زندگی کے ساتھی سے خوب محبت رکھیں۔

o پاکیزگی۔یگانگت۔معافی۔مستقل مزاجی اور صبر کی آپ کو اور آپ کے زندگی کے ساتھی کو اپنی شادی کو قائم رکھنے کیلئے ضرورت ہوگی۔آپ اپنے زندگی کے ساتھی کیلئے دعا کیسے کرسکتے ہیں؟۔اُن درخواستوں کی فہرست تیار کریں جن کیلئے اس ہفتے آپ کو دعا کرنی ہے۔

o آپ کی ازدواجی زندگی کو کیسے خطرے ہیں یا آپ کی ازدواجی زندگی کیلئے مستقبل میں کیا خطرے ہوسکتے ہیں؟ ثقافی۔پیشہ وارانہ۔یا گھریلو کھچاؤ یا تاثر کے متعلق غور کریں۔ اِن خطرات کے متعلق جاننے کے بعد آپ اُن کے اثرات سے کیسے بچ سکتے ہیں؟ خدا سے دعا کریں کہ وہ آپ کی اِن آزمائشوں کا مقابلہ کرنے میں مدد کرے۔

کتاب مقدس کی آیات کا ترجمہ پاکستان بائبل سوسائٹی کے ترجے کے مطابت کیا گیا ہے۔جمہ حقوق محفوظ ہیں۔

۲۰۱۹۔ٹرانس ورلڈ ریڈیو کا باقی کا تمام مواد کسی بھی طریقے سے استعمال کیا جاسکتا ہے بشرطیکہ آپ اُسے دُنیا کو مسیح سے متعارف کرانے میں استعمال کریں۔اور دوسروں سے اس مٹیریل کے استعمال کی قیمت وصول نہ کریں۔ لائسنس کی تفصیلات کیلئے دی گئی ویب سائٹ پر دیکھئے
www.discipleshipessentials.org/licensing